# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

## وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 10-06-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 06-07-2026 | مشق نمبر 1 | 06-07-2026 |
| مشق نمبر 3 | 31-07-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-08-2026 | مشق نمبر 2 | 20-08-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: ڈیموگرافی (414)　　　　سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے/ایسوسی ایٹ ڈگری

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر(بی اے):40

کامیابی کے نمبر(اے ڈی):50

## امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1- ڈیمو گرافی کو ایک سائنسی مضمون کے طور پر بیان کریں۔ اس کے بنیادی اجزاء(پیدائش،اموات، نقل مکانی وغیرہ) کی وضاحت کرتے ہوئے واضح کریں کہ پالیسی سازی میں ڈیمو گرافی کی کیا اہمیت ہے، خصوصاً پاکستان کے تناظر میں۔ (20)

سوال نمبر2- آبادی سے متعلق اعداد و شمار حاصل کرنے کے اہم ذرائع کون سے ہیں؟
مردم شماری، سروے اور رجسٹریشن سسٹم کے فوائد اور محدودیتوں کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3- آبادی کے نظریات(مثلاً مالتھس، جدید نظریات) کا خلاصہ پیش کریں۔
پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے مسئلے کو ان نظریات کی روشنی میں کیسے سمجھا جا سکتا ہے؟اپنی تجاویز بھی پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4- آبادی میں تبدیلی کے بنیادی عوامل(پیدائش،اموات، نقل مکانی) کی وضاحت کریں۔
ان عوامل کے معاشی، سماجی اور ماحولیاتی اثرات پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5- مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1. ڈیٹا کلیکشن کے دوران درپیش عملی مسائل (10)
2. ڈیمو گرافی کے بنیادی اجزاء اور ان کی باہمی وابستگی (10)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر(بی اے):40

کامیابی کے نمبر(اے ڈی):50

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1- عمر اور جنس کی ساخت (Age-Sex Structure) کیا ہے؟ آبادی کے اہرام (Population Pyramid) کی مدد سے وضاحت کریں کہ پاکستان کی آبادی کی ساخت اس کی معاشی منصوبہ بندی کو کیسے متاثر کرتی ہے؟ (20)

سوال نمبر2- ڈیمو گرافک اعداد و شمار کی اقسام بیان کریں۔ یہ اعداد و شمار صحت، تعلیم اور روزگار کے شعبوں میں منصوبہ بندی کے لیے کس طرح استعمال ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر3- ذہنی اور جذباتی بالیدگی کے تصورات میں فرق بیان کریں۔ نوجوان آبادی والے معاشرے جیسے پاکستان میں ان دونوں پہلوؤں کی اہمیت پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4- پیدائش کی شرح میں کمی یا اضافے کے پس منظر میں کون سے سماجی، معاشی اور ثقافتی عوامل کارفرما ہوتے ہیں؟ پاکستانی معاشرے کی مثالوں سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5- اموات کی بڑی وجوہات کا تجزیہ کریں۔ پاکستان میں صحت عامہ کی بہتری کے لیے سماجی اور حکومتی اقدامات کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

کل نمبر:100

کامیابی کے نمبر (بی اے):40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ 10تا14)

سوال نمبر1- مختلف سماجی طبقات میں شرحِ اموات کے فرق کو کن عوامل کی بنیاد پر سمجھا جاسکتا ہے؟ دیہی و شہری آبادی کے تناظر میں تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2- اندرونی اور بیرونی نقل مکانی کی اقسام بیان کریں۔ نقل مکانی کے معاشی، سماجی اور ثقافتی اثرات پر پاکستانی مثالوں کے ساتھ بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3- نقل مکانی کی تعریف کریں۔ بین الاقوامی نقل مکانی کا انسانی حقوق، روزگار اور خاندانی ڈھانچے پر کیا اثر پڑتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4- شادی کے ادارے کی سماجی اہمیت بیان کریں۔ آبادی میں اضافے، خاندانی استحکام اور سماجی نظم و ضبط میں اس کے کردار کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر5- مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1- افزائشِ آبادی کے بنیادی تصورات (10)

2- پیدائش اور اموات کی شرح پر حکومتی پالیسیوں کے اثرات (10)

کل نمبر:100

کامیابی کے نمبر (بی اے):40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ 15تا18)

سوال نمبر 1- پاکستان میں ٹیکنالوجی کی منتقلی (Technology Transfer) کے موجودہ رجحانات کا جائزہ لیں۔ اس کے معاشی ترقی اور روزگار پر اثرات پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- شہری کاری (Urbanization) کے تصور کی وضاحت کریں۔ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی شہری آبادی کے سماجی اور ثقافتی اثرات کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- آبادی، وسائل، ماحول اور ترقی کے باہمی تعلق پر بحث کریں۔ پائیدار ترقی (Sustainable Development) کے تناظر میں پاکستان کو درپیش چیلنجز بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- آبادی میں اضافے کے معاشی، سماجی اور ماحولیاتی اثرات کیا ہیں؟ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں اس مسئلے کے حل کے لیے آپ کیا تجاویز پیش کریں گے؟ (20)

سوال نمبر 5- مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1- افزائشِ آبادی بطور معاشی و سماجی مسئلہ (10)

2- فیملی پلاننگ کے فروغ میں حکومتی و سماجی اقدامات (10)